# راولپنڈی ترقیاتی ادارہ

## راولپنڈی ترقیاتی ادارہ میں جزووقتی اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر (اسسٹنٹ مشیر قانون) کی ضرورت ہے

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر کی خالی دو (2) آسامیوں کے لئے اہل اور خواہش مند وکلاء سے درخواستیں مطلوب ہیں جسکے لیے فرائض وشرائط اور تعلیم و تجربہ حسب ذیل ہیں۔

**فرائض وشرائط:**

1. راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کی طرف سے مقدمات دائر کرنا یا اس کے خلاف دائر کردہ مقدمات اور اپیلوں کی جملہ سول عدالتوں، ہائی کورٹ، سروسز اور لیبر ٹربیونل وغیرہ میں پیروی کرنا۔
2. راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو دفتری امور میں مشورہ دینا۔
3. عدالتوں سے آمدہ مقدمات کے جوابات تیار اور دائر کرنا۔
4. عدالتی امور میں لیگل ایڈوائزر کی معاونت کرنا۔
5. حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ مزید ہدایات بھی ان شرائط کا حصہ تصور ہونگی۔
6. تقرری عرصہ دو سال کے لئے ہوگی اور ماہانہ مشاہرہ مبلغ -/50,000 روپے ہوگا۔
7. گورنمنٹ آف پنجاب کو حق حاصل ہوگا کہ وہ راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو آگاہ کرتے ہوئے کسی بھی وقت ایک ماہ کے نوٹس پر یا ایک ماہ کی تنخواہ دیکر اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر کا کنٹریکٹ ختم کردے۔ اسی طرح اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر بھی ایک ماہ کے نوٹس پر یا ایک ماہ کی تنخواہ دیکر کنٹریکٹ ختم کرسکتا ہے۔

**تعلیم و تجربہ:**

درخواست گزار کا بی اے ایل ایل بی بمعہ تین سالہ تجربہ / پریکٹس (Active Experience / Practice) اور ہائی کورٹ بار کونسل کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

**نوٹ:** تقرری بمطابق گورنمنٹ ہدایات جاری کردہ بذریعہ لیٹر نمبر Gen:2-1/2008/1941 مورخہ 14.05.2011 کے تحت کی جائے گی۔ اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر کی تقرری، کارکردگی و جملہ شرائط مذکورہ قواعد کے تابع ہوں گی۔ مکمل درخواستیں مع مصدقہ نقول تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور ہائی کورٹ بار رجسٹریشن وغیرہ زیر دستخطی کے دفتر میں مورخہ 30-01-2025 تک پہنچ جانی چاہئیں تاخیر سے آنیوالی اور نامکمل درخواستیں ناقابل قبول ہوں گی۔

IPL-134

**ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) راولپنڈی ترقیاتی ادارہ راولپنڈی**